© rasailojaraid.com

تبصرے

نامعلوم انسان از جناب محمد یوسف صاحب کوکن ایم۔ اے و جناب محمد محی الدین صاحب بی۔ اے تقطیع، کلاں ضخامت ۳۰۸ صفحات ٹائپ جلی اور خوشنما قیمت مجلد پندرہ روپیہ پتہ :- مدراس یونیورسٹی ۔

ڈاکٹر الکسس کیرل (Alexis Carrel) جو فرانس کا مشہور سائنسداں ہے اپنے پیشہ کے لحاظ سے ڈاکٹر تھا اور اس حیثیت میں اس نے فرانس، امریکہ اور دوسرے ملکوں میں جنگ عظیم اول و دوم میں بڑی شاندار خدمات انجام دیں وہ میڈیسن اور سائنس دونوں کا نامور عالم اور محقق بھی تھا چنانچہ علاج معالجہ کے شغل کے ساتھ وہ میڈیسن اور سائنس ان دونوں پر بڑی مفید اور بلند پایہ تحقیقات بھی کرتا رہا جن کے صلہ میں یورپ اور امریکہ کے مختلف علمی اداروں نے اس کو بیش قدر انعامات اور اعزازات بھی دیئے ۔ موصوف نے ۵ نومبر ۱۹۴۴ء کو اپنے ملک فرانس کے شہر پیرس میں وفات پائی ۔ "نامعلوم انسان" (Man The unknown) اسی ڈاکٹر الکسس کیرل کی مشہور و معروف کتاب ہے ۔ جو سب سے پہلے ۱۹۳۵ء میں شائع ہوئی اور ہاتھوں ہاتھ نکل گئی ۔ اس کے بعد سے اب تک برابر اس کتاب کے نئے ایڈیشن شائع ہوتے رہے ہیں ۔

اس کتاب میں فاضل مصنف نے انسان اور اس کی زندگی کے مختلف روحانی ۔ مادی ۔ سماجی اور اخلاقی پہلوؤں پر خالص علمی اور سائنٹفک نقطۂ نظر سے بڑی عجیب و غریب بحث کی ہے ۔ اور موجودہ مغربی تمدن کا تجزیہ کر کے بتایا ہے کہ انسان اگرچہ مادی اعتبار سے ترقی کر رہا ہے لیکن اس کی یہ مادی ترقی اس کے جسمانی ۔ اخلاقی ۔ روحانی زوال کا بہت بڑا سبب ہے اور اس حیثیت سے انسان بڑی سرعت کے ساتھ تباہی و بربادی کی طرف جا رہا ہے ۔ موصوف نے ناقابل انکار و تردید دلائل سے ثابت کیا ہے کہ ہمارا جدید تمدن غلط مقاصد کی پیروی کر رہا ہے ۔ اس تمدن کا جدید طرز فکر ۔ اور اس کا پیدا کیا ہوا سماج انسان کو بجائے مسرت کے ہلاکت کی طرف لے جا رہا ہے اس کے

© rasailojaraid.com